الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

خزانۂ درود و سلام

درود رقمیہ

اللھم صل علی سیدنا محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ وازواجہ وذریۃ واھل بیتہ
واولیاء امتہ وعلیٰ جمیع امت سیدنا محمد وعلیٰ جمیع انبیاء والمرسلین
بعدد ما تم وما یتم وما سیتم من الحسنۃ فی اللمحات الرقمیہ

ترتیب: السید تجمیر محمد یوسف الحسنی الحمود دلی اللہ عنہ

ترجمہ و تحشیہ: الحاج احمد حافظ القادری

پیشکش: گل بادشاہ خان (مکہ مکرمہ) سید افضل ذیشان (مدینہ منورہ)

جمهوری اسلامی ایران

وزارت فرهنگ و ارشاد اسلامی

میراث فرهنگی استان سمنان

میراث فرهنگی شهرستان شاهرود

شماره ۱۰۷

تاریخ ۸۰/۸/۷

پیوست

بسمه تعالی

جناب آقای احمد حافظ

سلام علیکم؛

احتراماً سه جلد کتاب بناهای دیار حبیب (ص) که دسته قصائد مبارکه - خزانه گردید

والسلام (ص) برای کتابخانه شیخ ابوالحسن خرقانی اهدایی از طرف جنابعالی ثبت گردید

توفیقات روز افزون شما را از درگاه حق خواستاریم.

با تشکر

مسئول آرامگاه شیخ ابوالحسن خرقانی

نقی خان احمدی

شاهرود : خیابان تهران ـ خیابان بهرام ـ پلاک ۱۳ ـ تلفن ۴۴۷۶۰

سمنان : جنب مسجد امام ـ تیمچه حضرت ـ تلفن ۲۱۶۰۲ ـ ۲۳۰۸۳ فاکس ۲۱۸۰۳

مكتبة
المدرسة القادرية العامة
بغداد - باب الشيخ - الحضرة القادرية
هاتف - ٨٨٨٨٨٨

العدد : ٢٠٠١
التاريخ ١٤ / ١٠ / ٢٠٠١

الى / الأخ الأستاذ افتخار أحمد حافظ القادري المحترم

الموضوع / تسلم مطبوعات

بعد التحية والأحترام

يطيب لادارة المكتبة القادرية العامة أن تهديكم خالص تمنياتها وشكرها منوهة

بأنها تلقت هديتكم ~~المرسلة اليها برفقة كتابكم المرقم~~ التي تفضلتم باهدائها

~~والمؤرخ في~~ بتاريخ ١٤ / ١٠ / ٢٠٠١ المدرجة اسمائها في ادناه .

أسماء الكتب من مؤلفات الأستاذ افتخار أحمد حافظ القادري

راجين تفضلكم بالعلم مع التقدير

١) زيارات مقدسه (الاماكن المقدسه في العراق وسوريا والأردن وتركيا والپاکستان)
٢) زيارات مقدسه (الاماكن المقدسة في ايران وافغانستان وپاکستان)
٣) ديار حبيب صلى الله عليه وسلم (الاماكن المقدسه في مدينة الرسول صلى الله عليه وسلم)
٤) خزانه درود وسلام صلى الله عليه وسلم
٥) باقة القصائد المباركه في مدح الحبيب صلى الله عليه وسلم
٦) قصائد الاجرة النبويه الشريفه مرتبه من قبل الشيخ ميان فوشي محمد هجوري

نوري محمد صبري المفتي
أمين المكتبة القادرية العامة

حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ کی بارگاہ شریفہ بغداد شریف میں مشہور زمانہ لائبریری میں مصنف کتب زیارات مقدسہ کی متعدد کتب لائبریری کی زینت بنی ہوئی ہیں ۔ 14-1-2001

دعائے بخشش و مغفرت بحق امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حضور مقام مترجم ترجمات خضدار و دراستے والدین کریمین

نام کتاب — خزانہ درود وسلام

ترجمہ و تلخیص — افتخار احمد حافظ قادری

تاریخ و تعداد اشاعت
(بار اول) جنوری 2001ء (1200)
(بار دوم) جولائی 2001ء (500)
(بار سوم) جولائی 2001ء (500)
(بار چہارم) اگست 2001ء (500)
(بار پنجم) اگست 2001ء (500)
(بار ششم) جنوری 2003ء (1000)
(بار ہفتم) اگست 2005ء (1000)

ہدیہ — دعائے بخشش و مغفرت بحق امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتاب ملنے کا پتہ

گل بادشاہ خان (مکہ مکرمہ)

مکان نمبر 203، بلاک نمبر 2، شاہ فیصل کالونی کراچی 75230

المدینہ المنورہ

دُرُود پاک

دُرود پاک رسولِ انام ﷺ پیش کرو
بعونِ ربِ جہاں صبح و شام پیش کرو
ہمیں یہ حکم ملا ہے خدائے برتر سے
حضور شاہ ﷺ درود و سلام پیش کرو
شبانہ روز معین کرو کوئی تعداد
دُرود پاک کا کچھ التزام پیش کرو
دُرود بھیج کر اُن کے حضور میں پہلے
حضورِ شاہِ مدینہ ﷺ سلام پیش کرو
ملے گا حکم یہ پہلا ہمیں قیامت میں
مدیح سرورِ عالی مقام ﷺ پیش کرو
نظام حرفِ غلط کی طرح مٹیں سارے
اگر **رشید** نبی ﷺ کا نظام پیش کرو

راجہ رشید محمود
مدیر ماہنامہ ''نعت'' لاہور

سلام مقدس

مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت پہ لاکھوں **سلام**
شمع بزمِ ہدایت پہ لاکھوں **سلام**
جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند ﷺ
اُس دل افروز ساعت پہ لاکھوں **سلام**
ہم غریبوں کے آقا ﷺ پہ بے حد **دُرود**
ہم فقیروں کی ثروت ﷺ پہ لاکھوں **سلام**
جن کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبینِ سعادت پہ لاکھوں **سلام**
جن کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں **سلام**
مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں **رضا**
مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت پہ لاکھوں **سلام**

عظیم عاشق رسول ﷺ
اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلویؒ

انتساب

درُود سلام
پاک مقدس

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اس چھوٹی سے کوشش کو آپ ﷺ کی خدمت اقدس،
آپ کے والدین کریمین، آپ ﷺ کی بابرکت
آل بیت، ازواج مطہرات،
اُمہات المؤمنین رضوان اللہ علیہم اجمعین
اور جو بھی آپ ﷺ کا چاہنے والا ہو
ان سب کی خدمت میں ہدیہ کرتا ہوں۔
آپ ﷺ اس کو قبول و منظور فرمائیں۔

عرض مترجم

اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد النبی الامی وآلہ

حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ اپنی مشہور زمانہ کتاب ''مثنوی شریف'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں کہ جس وقت شہد کی مکھی سرکار دوعالم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر تھی، آپ ﷺ نے اُس سے پوچھا کہ تم تو مختلف پھولوں کا رس چوستی ہو جنکا ذائقہ پھیکا بلکہ قدرے تلخ بھی ہوتا ہے لیکن شہد میٹھا ہوتا ہے اس میں شیرینی کہاں سے آتی ہے؟ اس پر شہد کی مکھی نے جواب دیا

گفت چو خوانیم بر أحمد ﷺ درُود
مے شود شیریں، و تلخی را ربُود

کہ یارسول اللہ ﷺ جب ہم رس چوستی ہیں تو آپ ﷺ پر درُود شریف پڑھتے ہوئے اپنے چھتوں کی طرف سفر کرتی ہیں اس درُود پاک کی وجہ سے ہی اسکی تلخی اور ترشی دور ہو جاتی ہے اور وہ میٹھا ہو جاتا ہے۔

نبی اکرم ﷺ کا فرمان مبارک ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک بار

دُرود پڑھتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ اُس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتے ہیں دس نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھی جاتی ہیں۔ دس گناہ معاف ہوجاتے ہیں اور دس درجے بلند کئے جاتے ہیں۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ سرکار ﷺ پر دُرود پاک پڑھنا تمام عبادات سے افضل ہے۔ چونکہ تمام عبادات کا حکم اللہ تعالیٰ نے خود دیا ہے مگران عبادات میں اپنے بندوں کے ساتھ خود شریک نہیں ہوئے صرف اور صرف ''دُرود پاک'' ہی ایک ایسا عظیم عمل ہے کہ جس میں اللہ تبارک وتعالیٰ خود اور آپ کے فرشتے اس میں شریک ہیں اس لئے سب سے افضل وظیفہ اور عبادت صرف ''دُرود شریف'' ہی ہے۔

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نبی پاک ﷺ پر دُرود پاک پڑھنا بے شمار فیوض و برکات کا موجب ہے۔ مشکلات اور پریشانیاں ختم ہوجاتی ہیں، حاجات پوری ہوتی ہیں اور کرب و بے چینی سے نجات مل جاتی ہے اور پھر سب سے بڑھ کر آپ ﷺ کا قرب حاصل ہوجاتا ہے۔ حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کی ایک روایت کے مطابق آپ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ قیامت کے دن

سب سے زیادہ میرے نزدیک وہ شخص ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر دُرود پڑھتا ہے لہٰذا اس عظیم و افضل عبادت کو وظیفہ جان بنالیا جائے کیونکہ اس میں دونوں جہانوں کیلئے خیر و برکت ہے اسی لئے تو مولانا رومؒ فرماتے ہیں کہ

اگر خیریت دنیا و عقبیٰ آرزو داری
بدرگاهش بیا وهر چه می خواهی تمنا کن

کہ اے لوگو اگر تم دنیا و آخرت کی خیر و عافیت کے طلب گار ہو تو پھر آپ ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوجاؤ جو کچھ چاہتے ہو اس کی تمنا کرو سب کچھ ملے گا۔

پھر میسر تجھے دیدار مدینہ ہو گا
وہ بلائیں گے تجھے جلوہ دکھانے کیلئے

ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ

اگر حب خدا خواهی، بجاں شو پیرو احمد ﷺ
صراط مستقیم این ست و راہ جملہ کاملہا

اگر تو اللہ تعالیٰ کی محبت کا طلب گار ہے تو پہلے محبوب خدا ﷺ کا پیروکار بن۔ کیونکہ خدا کی قربت حاصل کرنے کا یہی سیدھا اور آسان

راستہ ہے۔ تمام اولیاء و کاملین نے بھی یہی راستہ اختیار کیا۔

قارئین اس مختصر سی تمہید سے آپ کو دُرود پاک ﷺ کی اہمیت اور فیوض و برکات کا اندازہ ہو گیا ہو گا بندہ ناچیز کو اکتوبر 2000ء میں جب ایک بار پھر سرکار ﷺ کی خدمت میں حاضری کا شرف حاصل ہوا تو مسجد نبوی ﷺ میں اصحابِ صفہ کے چبوترہ پر حضرت الشیخ السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی جن کا اولیائے مدینہ منورہ میں شمار ہوتا ہے، سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ آپ نے اس بندہ ناچیز پر کرم فرماتے ہوئے چند عربی کتب عنایت کیں کہ انکا مختصر اردو ترجمہ کر کے عاشقین رسول ﷺ میں تقسیم کیا جائے الحمد للہ یہ شرف عظیم اس بندہ ناچیز کے حصہ میں آیا اور کتاب "**الکنوز المحمدیہ لرؤیۃ خیر البریہ** ﷺ" کا مختصر اُردو ترجمہ بنام "**زیارت حبیب** ﷺ" شائع ہو چکا ہے جس میں آپ ﷺ کی زیارت مبارکہ کیلئے چند وظائف درج ہیں۔ اور الحمد للہ اب "**الکنوز المحمدیۃ فی الصلاۃ علی خیر البریۃ**" کا مختصر اُردو ترجمہ بنام "**خزانۂ دُرود و سلام**" اس امید کے ساتھ سرکار ﷺ کی

خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے کہ آپ ﷺ اس گناہ گار، عاجز امتی کی اس کوشش کو ضرور قبول فرمالیں گے۔ کیونکہ میں جس وقت یہ کلمات تحریر کر رہا ہوں نہایت ہی مُبارک و سعادت والی گھڑیاں ہیں۔ آج رمضان المبارک کی 27 ویں شب ہے اور اس وقت رات کے ساڑھے دس بجے یہ کلمات تحریر کئے جا رہے ہیں اللہ تبارک و تعالیٰ اس عظیم مُبارک دن اور رات کے طفیل میری اس مختصر سی کوشش کو ضرور قبول فرما کر اسے میرے لئے، میرے والدین کیلئے صدقہ جاریہ اور باعث نجات بنا دیں گے۔

یہ کتاب آپ ﷺ کے محبین، عشاق حضرات، حجاج کرام اور زائرین مدینہ منورہ کی خدمت میں مفت پیش کی جائے گی مزید اگر کوئی عاشقِ رسُول ﷺ اور صاحبِ دل حضرات درُود پاک ﷺ کی اس کتاب کو اسی ترتیب سے چھپوا کر مفت تقسیم کرنا چاہیں تو بڑے شوق سے وہ اس کام میں شریک ہو کر دین و دنیا کی سعادت حاصل کر سکتے ہیں۔ بندہ کی طرف سے اس کتاب کی اشاعت کی اجازت ہے۔

قارئین، کتاب "**خزانہ دُرود و سلام**" آپ کی خدمت میں پیش ہے۔ آپ صدق دل، محبت اور خلوص سے اس میں درج

درود پاک باقاعدگی سے پڑھیں۔ انشاء اللہ تمام مسائل رفتہ رفتہ حل ہوتے جائیں گے۔ اپنی دعاؤں میں اس بندہ ناچیز اور باقی تمام احباب کو بھی یاد رکھیں۔ یا اللہ العالمین اس کتاب کے ترجمہ میں مجھ سے کوئی غلطی یا کمی رہ گئی ہو تو مجھے معاف فرما دینا۔

آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

آپکی دعاؤں کا محتاج

افتخار احمد حافظ ٢٧/٩/١٤٢١

افتخار احمد حافظ قادری

مکان نمبر 6-999/A گلی نمبر 9

افشاں کالونی، راولپنڈی کینٹ۔

فون: 5510854

27 رمضان المبارک، 1421ھ

23 دسمبر، 2000ء

خزانۂ درود و سلام

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

- فضیلتِ رسول ﷺ
- نبی اکرم ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے فیوض و برکات
- مختلف صیغوں پر مشتمل 25 درود پاک کا مجموعہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

○ فضیلت رسول ﷺ

حضرت امام صاویؒ فرماتے ہیں کہ سورۃ الاحزاب کی آیت نمبر 56 کی رو سے نبی اکرم ﷺ تمام مخلوقات سے افضل وارفع واعلیٰ ہیں۔ کتاب "**القول البدیع**" میں حضرت امام سہل بن محمد بن سلیمانؒ فرماتے ہیں کہ یہ شرف عظیم جو آپ ﷺ کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے عطا فرمایا وہ حضرت آدمؑ کے سامنے فرشتوں کا سجدہ کرنے سے زیادہ افضل و اعلیٰ ہے۔ کیونکہ حکم سجدہ صرف فرشتوں کیلئے تھا۔ ذات باری اس میں شریک نہ تھی لیکن جب رحمۃ للعالمین، سید الانبیاء والمرسلین ﷺ کی باری آئی تو ارشاد فرمایا

"کہ تحقیق اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی پاک ﷺ پر دُرود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی ان پر دُرود و سلام پیش کرو۔"

○ نبی پاک ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے فوائد و برکات

1 دُرود پاک پڑھنے سے اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم کی فرمانبرداری۔
2 دُرود پاک پڑھنے سے اللہ تبارک وتعالیٰ سے موافقت۔
3 دُرود پاک پڑھنے سے فرشتوں کے ساتھ موافقت۔
4 ایک مرتبہ دُرود پاک پڑھنے سے اللہ کی طرف سے دس بار رحمت۔
5 ایک مرتبہ دُرود پاک پڑھنے سے دس درجات کی بلندی۔
6 ایک مرتبہ دُرود پاک پڑھنے سے دس نیکیوں کا لکھا جانا۔
7 ایک مرتبہ دُرود پاک پڑھنے سے دس گناہوں کا معاف کیا جانا۔
8 سبب قبولیت دعا۔
9 دُرود پاک پڑھنے سے آپ ﷺ کی شفاعت کا حقدار ہونا۔
10 گناہوں کے بخشے جانے کا سبب۔
11 دُرود پاک پڑھنے والے کے تمام اُمور میں اللہ تعالیٰ کی کفایت۔
12 قیامت میں نبی کریم ﷺ کا قرب۔
13 صدقے کا قائم مقام (یعنی اگر کسی کے پاس صدقہ کی استطاعت نہ

ہوتو وہ اپنی دعا میں اس طرح کہے **اللھم صل علی محمد عبدک و رسولک و صل علی المؤمنین والمؤمنات والمسلمین والمسلمات**) تو یہ اس کی طرف سے صدقہ شمار ہوگا۔

14 پاکیزگی کا نصیب ہونا۔

15 قضائے حاجات کا سبب۔

16 دُرود پاک پڑھنے والا اللہ تبارک و تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کی رحمت کا حقدار بن جاتا ہے۔

17 موت سے قبل جنت کی بشارت۔

18 دُرود پاک قیامت کی ہولناکیوں سے نجات کا سبب۔

19 آپ ﷺ دُرود پڑھنے والے کو سلام کا جواب عنایت فرماتے ہیں

20 دُرود پاک کی برکت سے بھولی ہوئی باتوں کا یاد آجانا۔

21 دُرود پاک کی محفل کا خوشبو سے بھر جانا۔

22 دُرود پاک فقر و غربت کو دور کر دیتا ہے۔

23 دُرود پاک بخل دور کر دیتا ہے۔ (آپ ﷺ نے فرمایا بخیل وہ ہے

کہ جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر دُرود شریف نہ بھیجے)

24 مشکلات اور پریشانیوں سے نجات۔

25 جنت کے راستے کا علم ہو جانا۔

26 دُرود پاک پڑھنے سے گناہوں سے نجات کا حاصل ہو جانا۔

27 ان تمام کاموں کا پایۂ تکمیل تک پہنچ جانا جن کی ابتدا اللہ تبارک و تعالیٰ کے نام، حضور پاک ﷺ پر دُرود پاک پڑھنے سے شروع کی گئی۔

28 دُرود پاک پڑھنے سے پل صراط پر بندے کو روشنی اور نور کا حاصل ہونا

29 دُرود پاک پڑھنے سے پریشانیوں اور مشکلات سے نکل آنا۔

30 دُرود پاک پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے تعریف ہوتی ہے

31 دُرود پاک پڑھنے والے کے عمل و عمر میں برکت ہوتی ہے۔

32 دُرود پاک پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت کا حصول۔

33 دُرود پاک پڑھنا آپ ﷺ سے محبت کی نشانی ہے۔ کیونکہ جو جس کو پسند کرتا ہے اکثر اس کا ذکر کرتا ہے۔

34 دُرود پاک پڑھنے سے آپ ﷺ سے محبت حاصل ہوتی ہے۔

35 دُرود پاک پڑھنے سے بندے کو ہدایت نصیب ہوتی ہے۔

36 دُرود پاک پڑھنے والے کا نام آپ ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا جانا

37 دُرود پاک پڑھنے سے پل صراط پر گزرتے وقت مضبوطی قدم

38 دُرود پاک پڑھنے سے آپ ﷺ کے چند حقوق ادا ہو جاتے ہیں

39 دُرود پاک اللہ تبارک وتعالیٰ کا ذکر اور اُس کا شکر ہے۔

40 دُرود پاک پڑھنا رحمت کی دعا ہے۔

ان مذکورہ فوائد کو مدنظر رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ دُرود پاک کا ورد کریں۔ اسی لئے تو حضرت علامہ محمد اقبالؒ فرماتے ہیں کہ

لئے جلو اقبال نام محمد ﷺ
شفاعت کا ضامن ہے اسم گرامی

کہاں میں کہاں ذاتِ مدح گرامی
میں سعدی نہ رومی نہ قدسی نہ جامی

دُرود پاک پڑھنے کیلئے دنیا و آخرت میں خیر کی بشارت

حضرت امام شعرانیؒ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ پر دُرود پاک پڑھنے کو وظیفہ جان بنالو کیونکہ دُرود پاک ہی سب سے قیمتی خزانہ ہے۔ آپؒ فرماتے ہیں کہ مجھے سید ابوالعباس الخضرؑ نے حکم دیا ہے کہ میں ہر روز طلوع آفتاب تک مدنی سرکار ﷺ پر دُرود پاک پڑھتا رہوں۔ اور پھر جب میں نے اس پر عمل شروع کر دیا تو مجھے اور میرے احباب کو دنیا و آخرت کی وہ خیر اور وسعتِ رزق حاصل ہوگئی کہ اگر تمام اہل مصر بھی میرے افرادِ خانہ ہوتے تو تب بھی مجھے کوئی ان کا فکر نہ ہوتا۔

دُرود پاک ہی حضور ﷺ سے اتصال کا ذریعہ ہے

سید احمد دحلانؒ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ پر کسی بھی صیغہ میں دُرود شریف مفید ہے۔ کیونکہ دُرود و سلام کی پابندی سے بے شمار انوار و برکات کا حصول اور آپ ﷺ سے اتصال اور قرب حاصل ہو جاتا ہے۔ پس تم میں سے جو کوئی بھی خلق خدا کی ہدایت چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ لوگوں کو استغفار اور دُرود پاک پڑھنے کی تلقین کرے۔

شیخ ابن عطاء السکندریؒ اور دُرود پاک

شیخ ابن عطاء السکندریؒ فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص کے بہت زیادہ روزے اور قیام رہ گیا ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنے آپ کو حضور پاک ﷺ پر دُرود شریف پڑھنے میں مصروف کرلے۔

شیخ شعرانیؒ اور دُرود پاک

حضرت امام شعرانیؒ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کی طرف سے ہم سے عہد لیا گیا کہ ہم صبح وشام آپ سرکار ﷺ کی ذاتِ بابرکات پر دُرود شریف کی کثرت کریں گے۔ اپنے مسلمان بھائیوں کو بھی دُرود پاک کی فضیلت اور اس کے اجر وثواب اور سرکار ﷺ کی محبت وعظمت کے اظہار کیلئے دُرود شریف پڑھنے کی پوری رغبت دلائیں گے اور اگر انہوں نے صبح وشام ایک ہزار سے دس ہزار تک دُرود شریف پڑھنے کا وظیفہ بنالیا تو یہ تمام اعمال سے افضل ہوگا۔

شیخ ابو المواہب الشاذلیؒ اور بشارت رسول ﷺ

شیخ ابوالمواہب الشاذلیؒ نے خواب میں رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ یارسول اللہ ﷺ کہ جو شخص آپ ﷺ پر ایک مرتبہ دُرود پاک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائیں گے۔ تو کیا یہ اس شخص کیلئے ہے جو حضورِ قلب سے پڑھے گا؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نہیں یہ اجر تو اس شخص کیلئے ہے جو بغیر حضورِ قلب اور بے دھیانی سے مجھ پر دُرود پڑھتا ہے۔ لیکن جو شخص حضورِ قلب اور خشوع اور خضوع کے ساتھ دُرود شریف پڑھتا ہے تو اُس شخص کے اجر کا سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو علم نہیں۔

من المؤمنین رجال

1 شیخ نورالدین الشونیؒ کا معمول تھا کہ وہ روزانہ دس ہزار مرتبہ آپ ﷺ پر دُرود پاک پیش کیا کرتے تھے۔ (آپ کا مزار مبارک قاہرہ (مصر) کی مسجد الشعرانی میں ہے)

2 شیخ احمد الزواویؒ کا بھی روزانہ دس ہزار مرتبہ دُرود پاک پڑھنے کا معمول تھا (آپ کا مزار مبارک مصر کے ایک شہر دمنہور میں ہے)

3 شیخ عبدالمقصود محمد سالمؒ کا معمول تھا کہ وہ روزانہ چودہ ہزار مرتبہ آپ ﷺ پر درود پاک پڑھا کرتے تھے۔

4 شیخ محمد ابو المواھب الشاذلیؒ فرماتے ہیں کہ مجھے خواب میں آپ ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا آپ ﷺ نے میرا منہ چوما اور ارشاد فرمایا کہ "میں اس منہ کو چوم رہا ہوں کہ جو صبح و شام مجھ پر ایک ایک ہزار درود شریف پڑھتا ہے"

قارئین ان کو مبارک ہو کہ جو آپ ﷺ پر روزانہ ایک ہزار مرتبہ صبح اور ایک ہزار مرتبہ شام کو درود پاک کا نذرانہ پیش کرتے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل فرمادے کہ جن لوگوں کا وظیفہ جان ہی آپ ﷺ پر درود پاک پڑھنا ہے۔ آپ بھی اس دعا میں شامل ہو کر آمین کہیں۔

نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر

وہی قرآں وہی فرقاں وہی یٰسین وہی طٰہٰ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

○ مجموعہ درُود شریف

یہ درُود پاک کے مختلف 25 صیغے ہیں ان کو پابندی سے پڑھیں انشاء اللہ تمام مصیبتیں، پریشانیاں اور بیماریاں دور ہو جائیں گی اور اُمتِ محمدیہ ﷺ کو اور بھی جو مسائل درپیش ہیں وہ بھی حل ہو جائیں گے۔

درُود شریف نمبر 1

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ، وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ، وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ، وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ، وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ، مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ.

یہ درُود پاک شیخ صالح موسیٰ الضریر" کا ہے اور اسے "درُود تنجینا" بھی کہتے ہیں آپ "فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ سمندر میں سفر کر رہے تھے کہ ہمارے سفینہ کو ایک شدید طوفان نے اپنی لپیٹ میں لے لیا اور قریب تھا کہ ہم تمام مسافر غرق ہو جاتے انتہائی پریشانی کے عالم میں مجھ پر نیند کا

غلبہ ہوا اور میں سو گیا خواب میں حضور پاک ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اور آپ ﷺ مجھ سے فرما رہے ہیں کہ اس سفینہ میں سوار تمام لوگوں سے کہو کہ وہ یہ دُرود شریف پڑھیں (مذکورہ بالا) میں نیند سے بیدار ہوا اور لوگوں کو اس حکم سے آگاہ کیا اور سب نے مل کر آپ ﷺ پر دُرود شریف (مذکورہ بالا) پڑھنا شروع کر دیا ابھی تین سو مرتبہ ہی پڑھا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری مشکل حل کر دی۔

کسی بھی پریشانی یا مصیبت کے وقت اس دُرود کو ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو انشاء اللہ کوئی نہ کوئی حل ضرور نکل آئے گا۔

دُرود شریف نمبر 2

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلَاةَ جَلَالٍ وَسَلِّمْ سَلَامَ جَمَالٍ . عَلٰى حَضْرَةِ حَبِيْبِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ . وَاغْشَهُ اللّٰهُمَّ بِنُوْرِكَ كَمَا غَشَّيْتَهُ سَحَابَةَ التَّجَلِّيَاتِ . فَنَظَرَ اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ . وَبِحَقِيْقَةِ الْحَقَائِقِ كَلَّمَ مَوْلَاهُ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ اَعَاذَهُ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ . اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ كَرْبِيْ كَمَا وَعَدْتَ . (اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْءَ)
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اٰمِيْنَ.

شیخ عبدالحلیم محمودؒ (شیخ الازہر) بیان کرتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ انتہائی مہلک بیماری میں مبتلا ہو گیا ایک دن کچھ اللہ والے لوگ جنکو میری بیماری کا علم تھا میرے پاس آئے اور انہوں نے مجھے ایک کاغذ دیا جس پر مذکورہ بالا دُرود شریف لکھا ہوا تھا اور کہا کہ اس کو پڑھو اور اسمیں مستغرق ہو جاؤ انشاء اللہ اس بیماری سے آپکو نجات مل جائے گی۔ شیخ محمودؒ فرماتے ہیں کہ میں نماز عشاء کے بعد ایک روشن کمرہ میں معتکف ہو گیا اور اس کاغذ کو ہاتھ میں پکڑ کر پڑھنا شروع کر دیا بار بار اس دُرود پاک کو پڑھتا اور اس میں گُم ہو جاتا کہ اچانک میں دیکھتا ہوں کہ دُرود پاک کے یہ کلمات روشن ہو جاتے ہیں اور اُس نور میں چمکنے لگتے ہیں مجھے اپنی آنکھوں پر یقین نہ آتا بار بار اس کاغذ کو بند کرتا اور جب کھولتا تو وہ کلمات اُسی طرح روشن اور منور ہوتے۔

اس خصوصی کرم پر میں نے اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکریہ ادا کیا اور مجھے معلوم ہو گیا کہ رحمت کے دروازے کھل گئے ہیں اور یہ نُور اس بات کی نشانی ہے اور پھر اس دُرود پاک کی برکت سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے مجھے اس بیماری سے نجات دلا دی۔

جسمانی بیماریوں سے نجات حاصل کرنے کیلئے یہ ایک مجرب دُرود شریف ہے۔

دُرود شریف نمبر 3

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلَاةً كَامِلَةً ، وَسَلِّمْ سَلَاماً تَاماً ، عَلَى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدِ الَّذِي تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ ، وَتَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ ،
وَتُقْضَى بِهِ الْحَوَائِجُ ، وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ
الْخَوَاتِيْمِ ، وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ ،
وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَنَفَسٍ ،
عَدَدَ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَكَ يَا اَللّٰهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ .

مذکورہ بالا دُرود شریف "دُرودِ کاملہ یا دُرودِ ناریہ" کہلاتا ہے۔ اسی طرح اسے "دُرودِ تازیہ اور التفریجیہ" بھی کہتے ہے۔ حضرت امام قرطبیؒ اس دُرودِ پاک کے بارے میں فرماتے ہیں کہ جو شخص اسکو روزانہ 41 مرتبہ، 100 مرتبہ یا اس سے زیادہ مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے غموں اور پریشانیوں کو دور کر دے گا اسکی حالت بہتر ہو جائے گی، رزق میں اضافہ ہوگا، خیر و برکت کے دروازے اس پر کھل جائیں گے اور حوادثاتِ زمانہ سے محفوظ رہے گا۔

اس کو پڑھنے کا کم از کم عدد 11 مرتبہ اور آخری عدد 4444 مرتبہ ہے۔

ہر نماز کے بعد کم از کم 11 مرتبہ ضرور پڑھا جائے۔

دُرود شریف نمبر 4

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مَنْ اَعْلَيْتَ لَهُ الرُّتَبَ ، وَكَشَفْتَ لَهُ
الْحُجُبَ ، فَرَقَى اِلَى مَا لَمْ يَرْقَ اِلَيْهِ الْخَلِيْلُ ، وَوَصَلَ اِلَى
مَا لَمْ يَصِلْ اِلَيْهِ جِبْرِيْلُ ، وَنَظَرَ مَا لَمْ يَنْظُرْهُ الْكَلِيْمُ ،
وَوَصَفْتَهُ بِاَنَّهُ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَحِيْمٌ ، وَصَلَّيْتَ عَلَيْهِ
اَنْتَ وَمَلَائِكَتُكَ تَحَبُّباً وَتَكْرِيْماً ، وَقُلْتَ : ﴿ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴾ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ
الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ ، سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ
السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ . فَصَلِّ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِ بِعَدَدِ صَلَاةِ الْمُصَلِّيْنَ
عَلَيْهِ مِنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ ، وَعَلَى آلِهِ وَسَلِّمْ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ
وَنَفَسٍ ، بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَكَ . آمِيْنَ ، وَارْضَ اللّٰهُمَّ عَنْ
اَهْلِ بَيْتِهِ الطَّاهِرِيْنَ ، وَعَنْ اَصْحَابِهِ الطَّيِّبِيْنَ ، وَارْحَمْ
اُمَّتَهُ ، وَاحْفَظْ شَرِيْعَتَهُ ، وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ اِلَى يَوْمِ
الدِّيْنِ ، اَللّٰهُمَّ بِعَظِيْمِ فَضْلِكَ ، وَبِجَاهِهِ عِنْدَكَ ، هَبْ
لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً ، اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ، وَافْتَحْ لَنَا مِنَ
الْخَيْرِ كُلَّ بَابٍ ، يَا مَنْ قَالَ وَقَوْلُهُ الْحَقُّ فِيْ مُحْكَمِ
الْكِتَابِ (اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ).

یہ دُرود پاک جامعۃ ازہر کے امام و مدرس شیخ صالح الجعفری کا ہے۔
آپ نے اسے "**دُرود الفرج القریب و النصر القریب**"
کا نام دیا ہے یعنی اس کے پڑھنے سے مسائل اور مشکلات فوری حل
ہوتے ہیں۔

دُرود شریف نمبر 5

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْحَبِيْبِ إِذَا عُدِمَ
الْحَبِيْبُ، وَالطَّبِيْبِ إِذَا عَزَّ الطَّبِيْبُ، رَاحَةِ الْقُلُوْبِ إِذَا
اشْتَدَّتِ الْكُرُوْبُ، سِرِّ الدَّوَاءِ وَأَصْلِ الشِّفَاءِ، وَعِنَايَةِ
السَّمَاءِ، وَمَصْدَرِ الرَّجَاءِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى
آلِهِ الْأَوْفِيَاءِ وَأَصْحَابِهِ الرُّحَمَاءِ، صَلَاةً مُحِيْطَةً
بِجَمِيْعِ الْكَمَالَاتِ، عَالِيَةً عَلٰى سَائِرِ الصَّلَوَاتِ،
تُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ غُرُوْرِ النَّفْسِ وَشَوَاغِلِ الْحِسِّ،
وَسَيِّئَاتِ الذُّنُوْبِ، وَخَائِنَةِ الْأَعْيُنِ،
وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ، صَلَاةً تَغْفِرُ لَنَا
بِهَا جَمِيْعَ الزَّلَاتِ وَالْهَفَوَاتِ،
وَتَسْتُرُنَا بِهَا فِي الْحَيَاةِ
وَتَرْحَمُنَا بِهَا بَعْدَ الْمَمَاتِ.

یہ دُرود پاک شیخ عبدالمقصود محمد سالم کا ہے

دُرود شریف نمبر 6

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ
الْهَادِيْ لِأَنْوَارِكَ، الْجَامِعِ لِأَسْرَارِكَ، الدَّالِّ عَلَيْكَ،
الْمُوْصِلِ إِلَيْكَ، صَلَاةً يَنْفَرِجُ بِهَا كُلُّ ضِيْقٍ وَتَعْسِيْرٍ،
وَنَنَالُ بِهَا كُلَّ خَيْرٍ وَتَيْسِيْرٍ، وَتَشْفِيْنَا مِنَ الْأَوْجَاعِ
وَالْأَسْقَامِ، وَتُخَلِّصُنَا مِنَ الْمَخَاوِفِ وَالْأَوْهَامِ،
وَتَحْفَظُنَا فِي الْيَقْظَةِ وَالْمَنَامِ، وَتُنْجِيْنَا مِنْ
نَوَائِبِ الدَّهْرِ وَمَتَاعِبِ الْأَيَّامِ، وَعَلٰى
آلِهِ هُدَاةِ الْإِسْلَامِ، وَأَصْحَابِهِ السَّادَةِ
الْأَعْلَامِ، وَأَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ الْكِرَامِ،
وَاجْمَعْنَا عَلَيْهِ يَا رَبَّنَا فِيْ أَعْلٰى مَقَامٍ،
وَارْزُقْنَا يَا مَوْلَانَا فِيْ جِوَارِهِ
حُسْنَ الْخِتَامِ.

مذکورہ دُرود پاک بھی شیخ عبدالمقصود محمد سالم کا ہے جسکو انہوں نے
کتاب انوار الحق میں درج کیا ہے۔

اس دُرود پاک کو بھی مشکلات اور بیماریوں سے نجات کیلئے پڑھا
جائے۔

دُرود شریف نمبر 7

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ صَلَّيْتَ عَلَيْهِ قَبْلَ اَنْ
يُّصَلِّىَ عَلَيْهِ اَحَدٌ مِّنَ الْعَالَمِيْنَ . وَشَرَّفْتَ الصَّلَوَاتِ
بِالصَّلَاةِ عَلَيْهِ . فَاَسْعَدْتَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ مِنَ
الْمَخْلُوْقِيْنَ ، وَاَرْسَلْتَهٗ لِلْخَلْقِ رَحْمَةً مِّنْ حَيْثُ قَوْلُكَ
الْمُبِيْنُ " وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ صَلَاةً تُزِيْلُ
بِهَا الْهَمَّ وَالْخَوْفَ وَالْاَوْهَامَ . وَتَشْفِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ
الْاَمْرَاضِ وَالْاٰلَامِ وَالْاَسْقَامِ وَاحْرُسْنَا فِي الْيَقْظَةِ
وَالْمَنَامِ . وَاغْفِرْ لَنَا الذُّنُوْبَ وَالْاٰثَامِ وَاحْفَظْنَا مِنْ
تَقَلُّبَاتِ اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ . وَاسْتُرْنَا بِسِتْرِكَ
الَّذِيْ مَنِ اسْتَتَرَ بِهٖ لَا يُضَامُ . سُبْحَانَكَ
يَا وَاهِبُ النُّوْرِ وَالْاِنْعَامِ ، تَبَارَكَ اِسْمُكَ
يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ، اَنْتَ وَلِيِّ فِي
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا
وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصَّالِحِيْنَ .

مذکورہ دُرود پاک بھی شیخ عبدالمقصود محمد سالم کا ہے جسکو انہوں نے
کتاب انوارالحق میں درج کیا ہے۔

دُرود شریف نمبر 8

اَللّٰهُمَّ صَلِّ بِجَمِيْعِ الصَّلَوَاتِ . وَسَلِّمْ بِكَافَّةِ التَّسْلِيْمَاتِ .
وَبَارِكْ بِاَوْفَرِ الْبَرَكَاتِ عَلٰى سَيِّدِ اَهْلِ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ .
سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَالِي الْقَدْرِ فَخْرِ الْاَنْبِيَاءِ .
صَلَاةً تَشْفِيْنِيْ بِهَا مِنْ اَمْرَاضِيْ وَاَسْقَامِيْ .
وَتَحْفَظُنِيْ بِهَا مِنْ خَلْفِيْ وَاَمَامِيْ . وَتَغْفِرُ لِيْ
بِهَا ذُنُوْبِيْ وَاٰثَامِيْ . وَتَصْرِفُ بِهَا عَنِّيْ هُمُوْمِيْ
وَاَحْزَانِيْ وَاٰرَاهُ فِيْ يَقْظَتِيْ وَمَنَامِيْ . وَتُسْعِدُنِيْ
بِهَا فِيْ حَيَاتِيْ . وَتُكْرِمُنِيْ بِهَا بَعْدَ وَفَاتِيْ .
صَلَاةً تُفَرِّجُ بِهَا عَنَّا مَا نَحْنُ فِيْهِ مِنْ
اُمُوْرِ دِيْنِنَا وَدُنْيَانَا وَاٰخِرَتِنَا
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ .

مذکورہ دُرود پاک بھی شیخ عبدالمقصود محمد سالم کا ہے جسکو انہوں نے
کتاب انوارالحق میں درج کیا ہے۔

درود شریف نمبر 9

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْحَبِيْبِ الْمَحْبُوْبِ شَافِي الْعِلَلِ وَمُفَرِّجِ الْكُرُوْبِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

کتاب ''افضل الصلوات'' میں شیخ النبہانی مذکورہ دُرود پاک کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ دُرود پاک شیخ حسن الغزی نے بیت المقدس میں مجھے تلقین فرمایا اور جب میں نے اس دُرود پاک کو پڑھنا شروع کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے ان پریشانیوں اور کرب سے نجات دلا دی اور مجھے حد سے زیادہ فیوض و برکات حاصل ہوئے۔

اس دُرود پاک کو دُرودِ شفا بھی کہتے ہیں۔

درود شریف نمبر 10

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةَ الْعَبْدِ الْحَائِرِ الْمُحْتَاجِ الَّذِيْ ضَجَّ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ وَحَرَجٍ . وَالْتَجَا اِلٰى بَابِ الْكَرِيْمِ فَفَتَحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الْفَرَجِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ.

مذکورہ دُرود پاک شیخ محمد ذکی ابراہیم کا ہے۔

درود شریف نمبر 11

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الطَّاهِرِ الزَّكِيِّ . صَلَاةً تَحُلُّ بِهَا الْعُقَدُ . وَتُفَكُّ بِهَا الْكُرُوْبُ.

ڈاکٹر عبدالحلیم محمودؒ نے اسے کتاب ''(فاذکرونی .... اذکرکم)'' میں درج فرمایا ہے اور فرماتے ہیں کہ پریشانیوں اور مصیبتوں میں یہ دُرود پاک پڑھا جائے۔

درود شریف نمبر 12

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ صَلَاةَ عَبْدٍ قَلَّتْ حِيْلَتُهٗ . وَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَسِيْلَتُهٗ . وَاَنْتَ لَهَا يَا اِلٰهِيْ وَلِكُلِّ كَرْبٍ عَظِيْمٍ . فَفَرِّجْ عَنَّا مَا نَحْنُ فِيْهِ . بِسِرِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

اس دُرود پاک کو ''**صلاۃ الفرج**'' بھی کہتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد علوی المالکی نے اس دُرود پاک کو کتاب ''ابواب الفرج'' میں درج فرمایا ہے۔

دُرود شریف نمبر 13

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ فَاَسْاَلُ الرَّحْمٰنَ یَقْضِیْ حَاجَتِیْ۔

مذکورہ بالا دُرود پاک شیخ حضرت حسن شداد کو روضہ نبویہ میں سال 1416 ہجری میں بلاواسطہ طور پر عطا ہوا انہوں نے اس دُرود پاک کو ایک انتہائی اہم مقصد کیلئے تین سو مرتبہ پڑھا تو آپ ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا **قم یا حسن قضی اللہ حاجتک** اے حسن اٹھو اللہ تبارک وتعالیٰ نے تیری حاجت پوری کر دی ہے۔

دُرود شریف نمبر 14

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْحَبِیْبِ الْبَشِیْرِ الشَّفِیْعِ النَّذِیْرِ۔ الَّذِیْ اَخْبَرَ عَنْ رَبِّہِ الْکَرِیْمِ بِاَنْ لِلّٰہِ فِیْ کُلِّ نَفْسٍ مِائَۃَ اَلْفِ فَرَجٍ قَرِیْبٍ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا۔

اس دُرود پاک کو ڈاکٹر محمد علوی المالکی نے کتاب ابواب الفرج میں درج کیا ہے۔

دُرود شریف نمبر 15

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ حُبِّکَ فِیْہِ۔ وَزِدْنِیْ یَا مَوْلَایَ حُبًّا فِیْہِ۔ وَبِجَاہِہٖ عِنْدَکَ فَرِّجْ عَنِّیْ مَا اَنَا فِیْہِ، اِلٰھِیْ لَا اَسْاَلُکَ رَدَّ الْقَضَاءِ بَلْ اَسْاَلُکَ اللُّطْفَ فِیْہِ۔ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ۔

اس دُرود پاک کو دُرود محبت بھی کہتے ہیں اس کو بھی ڈاکٹر محمد علوی المالکی نے کتاب ''ابواب الفرج'' میں ذکر کیا ہے۔

دُرود شریف نمبر 16

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْلَاُ خَزَائِنَ اللّٰہِ نُوْرًا، وَتَکُوْنُ لَنَا فَرَجًا وَفَرَحًا وَسُرُوْرًا۔

اس دُرود پاک کو ''دُرود فرح وسرور'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

اس کے پڑھنے سے فوری مسائل حل ہوتے ہیں اور خوشی اور مسرت حاصل ہوتی ہے۔

درُود شریف نمبر 17

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُ اللّٰہِ الْقَائِمِ بِحُقُوْقِ اللّٰہِ مَا ضَاقَتْ اِلَّا وَفَرَّجَھَا اللّٰہُ۔

اس دُرود پاک کو بھی ڈاکٹر محمد علوی المالکی نے کتاب ''ابواب الفرج'' میں درج کیا ہے۔

درُود شریف نمبر 18

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَحُلُّ بِھَا عُقْدَتِیْ ، وَتُفَرِّجُ بِھَا کُرْبَتِیْ ، وَتُنْقِذُنِیْ بِھَا مِنْ وَحْلَتِیْ ، وَتُقِیْلُ بِھَا عَثْرَتِیْ ، وَتَقْضِیْ بِھَا حَاجَتِیْ۔

اس دُرود پاک کو ''**درود انقاذ**'' سے بھی موسوم کیا گیا ہے اور یہ دُرود پاک حضرت امام النووی کا ہے۔

درُود شریف نمبر 19

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً اَھْلُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ عَلَیْہِ ، وَاَجْرِ یَارَبِّ لُطْفَکَ الْخَفِیَّ فِیْ اَمْرِیْ وَالْمُسْلِمِیْنَ۔

یہ دُرود پاک سید عبداللہ العلمی کی طرف منسوب ہے اور ان کو یہ دُرود پاک نبی اکرم ﷺ سے عطا ہوا ہے۔ کہتے ہیں کسی پریشانی اور مصیبت کے وقت اس کو ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ مشکل حل فرما دیتے ہیں۔

درُود شریف نمبر 20

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔

اس دُرود پاک کو ''دُرود حل المشکلات'' بھی کہا جاتا ہے۔ مفتی دمشق علامہ حامد آفندی العمادیؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ کچھ وزراء دمشق میرے شدید مخالف ہو گئے اور مجھے پریشان کرنے لگے اسی پریشانی کے عالم میں خواب میں مجھے نبی پاک ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا، آپ ﷺ نے خواب میں مجھے مذکورہ دُرود پاک سکھایا اور فرمایا کہ جب تو اس دُرود پاک کو پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ تیری مشکل آسان کر دے گا آپ خواب سے بیدار ہوئے اس دُرود پاک کو پڑھنا شروع کر دیا اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس دُرود پاک کی برکت سے مشکل حل فرما دی۔

کسی بھی پریشانی اور مشکل کے وقت اس کو بے شمار مرتبہ پڑھا جائے۔

درُود شریف نمبر 21

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا ، وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِهَا ، وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَائِهَا ، وَرُوْحِ الْاَرْوَاحِ وَسِرِّ بِقَائِهَا .

اس درُود شریف کو ''درُودِ طبیہ'' بھی کہتے ہیں اس کا ایک عجیب و غریب واقعہ اس طرح ہیں کہ شیخ سلیمان عبد ربہ القلیوبیؒ فرماتے ہیں کہ سال 1966 میں سر کے ایک انتہائی مہلک مرض میں مبتلا ہو گیا ڈاکٹروں نے دیکھنے کے بعد کہا کہ اس مہلک مرض کی وجہ سے صرف 1 فیصد آپ کے بچنے کے امکانات ہیں واپس آ کر میں نے وضو کیا اور ایک الگ مقام پر بیٹھ کر مذکورہ بالا درُود شریف پڑھنا شروع کر دیا فجر سے قبل میں نے اپنے سر میں آپ ﷺ کے جسد مبارک کی ٹھنڈک محسوس کی اس کے بعد دوبارہ میں ڈاکٹروں کے پاس گیا میری اس شفایابی پر تمام ڈاکٹر حیران ہو گئے۔ ڈاکٹروں کی اُس جماعت میں ایک غیر مسلم بھی تھا اُس نے اس واقعہ کو سننے کے بعد کہا

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدً رَسُوْلُ اللّٰهِ.

درُود شریف نمبر 22

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ وَبِجَاهِهٖ عِنْدَكَ اُرْزُقْنِىْ خَيْرَ الذُّرِّيَّةِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ.

اس درُود پاک کو ''درُودِ اولاد'' بھی کہتے ہیں۔ شہر قاہرہ (مصر) کا واقعہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ایک نیک بندے نے شادی کی لیکن ایک طویل عرصہ تک اولاد سے محروم رہا چنانچہ وہ چند احباب کے ہمراہ مقام حضرت امام حسینؓ کی زیارت کیلئے حاضر ہوا اس نے وہاں پر یہ درُود پاک سنا اور اور اس سے کہا گیا کہ اس درُود پاک کے پڑھنے پر مداومت اختیار کرو اس نے اس پر عمل کیا اور کچھ عرصہ کے بعد اس درُود پاک اور زیارت حضرت امام حسینؓ کی وجہ سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے اسے ایک بیٹا اور ایک بیٹی عطا فرمائی۔

حصول اولاد کیلئے یہ درُود پاک ایک مجرب نسخہ ہے۔

درود شریف نمبر 23

• اَلصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ قَلَّتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ۔
(عدد ١١٦ مرۃ)

• اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔
(عدد ١١٦ مرۃ)

• اَنَا فِیْ جَاہِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ
(عدد ١١٦ مرۃ)

حضرت شیخ حسن شداد مدینہ منورہ سال 1416 ھجری میں فرماتے ہیں کہ ٹیلی ویژن دیکھنے سے نبی پاک ﷺ کی زیارت مبارکہ کا سلسلہ منقطع ہوگیا آپ شیخ زین باسمیط کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے مذکورہ بالا درود پاک پڑھنے کا کہا۔ آپ نے اس درود پاک کو پڑھا اور اسی رات میں تین مرتبہ زیارت رسول ﷺ سے سرفراز ہوئے۔

درود شریف نمبر 24

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الْفَرَجِ الْقَرِیْبِ، وَالسِّرِّ الْعَجِیْبِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ صَلَاۃً تُیَسِّرُ لَنَا بِھَا زِیَارَتَہٗ عَنْ قَرِیْبٍ۔

درود شریف نمبر 25

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَغْفِرُ بِھَا ذُنُوْبَنَا، وَتَسْتُرُ بِھَا عُیُوْبَنَا، وَتَقْضِیْ بِھَا دُیُوْنَنَا، وَتَکْشِفُ بِھَا ھُمُوْمَنَا، وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ۔

مذکورہ بالا دونوں درود پاک شیخ صالح الجعفری کے ہیں۔

نبی اکرم ﷺ کی زیارت مبارکہ کیلئے 25 صیغوں پر مشتمل گلدستہ

دُرود شریف نمبر 1

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ
وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ
فِي الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ

مذکورہ بالا دُرود شریف ''دُرودِ ابراہیمی'' کہلاتا ہے اور نماز میں بھی پڑھا جاتا ہے۔ یہ دُرود پاک کے مکمل دُرودوں میں سے ایک ہے۔ اس کو حضرت امام بخاریؒ، حضرت امام مسلمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔ حدیث مبارکہ میں لفظ سیدنا مذکور نہیں ہے لیکن آپ ﷺ سے ادب اور محبت کی خاطر لفظ ''سیدنا'' لگایا گیا ہے۔

زیارت نبوی ﷺ کیلئے یہ انتہائی اہم دُرود ہے۔

دُرود شریف نمبر 2

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ
النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ، وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا
اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ۔

کسی عاشق رسول ﷺ کو مدینہ منورہ میں سرکار دو عالم ﷺ اور سیدۃ عائشہ صدیقہؓ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اس نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے سوال کیا کہ سب سے بہتر دُرود کونسا ہے جو آپ ﷺ پر پڑھا جائے؟ جس پر سیدۃ عائشہ صدیقہؓ نے جواب دیا کہ وہ دُرود شریف جو کتاب ''افضل الصلوات'' میں پہلے اور دوسرے نمبر پر تحریر ہے۔ (اس کتاب میں بھی وہ دُرود شریف اس حصہ کے پہلے اور دوسرے نمبر پر ہے) اس کو صحیح البخاری اور صحیح المسلم نے بھی روایت کیا ہے۔

درُود شریف نمبر 3

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ ، وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعَالَمِيْنَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

مذکورہ بالا دُرود پاک کو "**دُرود کامل**" بھی کہتے ہیں۔

حضرت شیخ ابو المواہب الشاذلیؒ فرماتے ہیں کہ مجھے خواب میں آپ ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ آپ ﷺ نے میرا منہ چوما اور فرمایا کہ میں اس منہ کو چوم رہا ہوں کہ جو مجھ پر ایک ہزار مرتبہ صبح اور ایک ہزار مرتبہ شام کو دُرود پاک پڑھتا ہے۔

حضرت الشیخ المواہب الشاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل کیا اور آپ ﷺ نے فرمایا کہ تیری وجہ سے ایک لاکھ کی شفاعت ہوگی میں نے آپ ﷺ سے

فرمایا یارسول اللہ ﷺ یہ کس وجہ سے؟ آپ ﷺ نے فرمایا اس دُرود پاک کی وجہ سے جو تو مجھ پر پڑھتا ہے۔

(شیخ محمد ابو المواہب الشاذلیؒ سیدی تونسی کے نام سے یاد کئے جاتے ہیں۔ آپ کا وصال 854 ہجری میں ہوا اور آپؒ قاہرہ میں جبل مقطم میں مدفون ہیں)

درُود شریف نمبر 4

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ مَلَأْتَ قَلْبَهُ مِنْ
جَلَالِكَ وَعَيْنَهُ مِنْ جَمَالِكَ فَاَصْبَحَ فَرِحاً مَسْرُوْراً
مُؤَيَّداً مَنْصُوْراً وَعَلٰى آلِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيْماً
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

حضرت شیخ ابا عبداللہ النعمانؒ کو خواب میں ایک سو مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا آپؒ نے آخری مرتبہ آپ ﷺ سے دریافت فرمایا کہ یارسول اللہ ﷺ سب سے افضل دُرود پاک کونسا ہے۔ جس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ کہہ (مذکورہ بالا دُرود شریف) کہتے ہیں جو شخص کثرت سے اس دُرود پاک کو پڑھے گا اس کو آپ ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

دُرود شریف نمبر 5

صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَمَلَائِكَتُهُ وَاَنْبِيَائِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَعَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ.

مذکورہ بالا دُرود پاک حضرت امام علی کرم اللہ وجہہ کا ہے۔

دُرود شریف نمبر 6

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ رُوْحُهٗ مِحْرَابُ الْاَرْوَاحِ وَالْمَلَائِكَةِ
وَالْكَوْنِ . اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ هُوَ اِمَامُ الْاَنْبِيَاءِ
وَالْمُرْسَلِيْنَ . اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ هُوَ اِمَامُ
اَهْلِ الْجَنَّةِ عِبَادُ اللّٰهِ الْمُؤْمِنِيْنَ.

یہ دُرود پاک سیدۃ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ہے۔

دُرود شریف نمبر 7

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْكَمَالِ الْمُطْلَقِ
وَالْجَمَالِ الْمُحَقَّقِ عَيْنِ اَعْيَانِ الْخَلْقِ
وَنُوْرِ تَجَلِّيَاتِ الْحَقِّ
فَصَلِّ اللّٰهُمَّ بِكَ مِنْهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ.

مذکورہ دُرود پاک سیدنا امام حسنؓ کی طرف منسوب ہے۔

دُرود شریف نمبر 8

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

حضرت شیخ احمد عبدالجوادؒ اپنی کتاب (صلوات المحبین علی حبیب رب العالمین) میں فرماتے ہیں کہ میں نے مذکورہ بالا دُرود شریف خواب میں نبی پاک ﷺ سے سنا۔

دُرود شریف نمبر 9

اَللّٰهُمَّ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى اِمَامِ
اَنْبِيَائِكَ سَيِّدِ رُسُلِكَ ، سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ وَعَلٰى جَمِيْعِ
اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَجَمِيْعِ عِبَادِكَ
الصَّالِحِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَعَلَىٰ مَعَهُمْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ
يَا اللّٰهُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ .

حضرت شیخ احمد عبدالجوادؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ تعالیٰ سے التجا کی کہ جس طرح اور نیک بندوں کو دُرود پاک عطا ہوئے ہیں مجھے بھی کوئی جامع دُرود شریف عطا فرمائیں۔ چنانچہ میں نے خواب میں دیکھا کہ کوئی شخصیت مجھے مذکورہ بالا دُرود شریف پڑھا رہی ہے اور مسلسل پانچ مرتبہ دہرایا گیا۔ جب میں نیند سے بیدار ہوا تو اس دُرود پاک کو لکھ لیا۔ زیارت نبوی ﷺ کیلئے اسے کثرت سے پڑھا جائے۔

دُرود شریف نمبر 10

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَآءِ الرَّحْمَۃِ
وَمِیْمِ الْمُلْکِ وَدَالِ الدَّوَامِ السَّیِّدِ الْکَامِلِ الْفَاتِحِ
الْخَاتِمِ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِکَ کَائِنٌ اَوْ قَدْ کَانَ.
کُلَّمَا ذَکَرَکَ وَذِکْرِہِ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ
عَنْ ذِکْرِکَ وَذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ، صَلَاۃً دَائِمَۃً
بِدَوَامِکَ بَاقِیَۃً بِبَقَائِکَ لَا مُنْتَھٰی لَھَا
دُوْنَ عِلْمِکَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر.

مذکورہ بالا دُرود شریف کے بے شمار فضائل و برکات ہیں۔ زیارت نبوی ﷺ کیلئے اسے ضرور پڑھا جائے۔

دُرود شریف نمبر 11

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا اُمِرْتَ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ

یہ دُرود پاک حضرت امام شافعیؒ کا ہے کسی نے حضرت امام شافعیؒ کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا آپؒ نے جواب میں فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے مجھے بخش دیا پوچھا کہ کس طرح؟ فرمایا کہ دُرود پاک کے ان پانچ کلمات کی وجہ سے جو میں نبی اکرم ﷺ پر پڑھا کرتا تھا پوچھا گیا کہ وہ کون سے ہیں؟ جس پر آپ نے فرمایا کہ وہ یہ ہیں۔ (مذکورہ بالا دُرود شریف)

دُرود شریف نمبر 12

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا ذَکَرَہُ
الذَّاکِرُوْنَ وَعَدَدَ مَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ.

حضرت عبداللہ ابن الحکمؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام شافعیؒ کو خواب میں دیکھ کر پوچھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپؒ کے ساتھ کیا سلوک فرمایا آپ نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے میرے حال پر رحم فرماتے ہوئے مجھے بخش دیا میں نے پوچھا کہ یہ کس وجہ سے ہوا جس پر آپ نے فرمایا کہ اس دُرود پاک (مذکورہ بالا) کی وجہ سے۔

دُرود شریف نمبر 13

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةٌ لِلْعَالَمِیْنَ ظُهُوْرُهٗ . عَدَدَ مَنْ مَضٰی مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِیَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِیَ
صَلَاةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِیْطُ بِالْحَدِّ
صَلَاةً لَا غَایَةَ لَهَا وَلَا مُنْتَهٰی وَلَا اِنْقِضَاء
صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ وَعَلٰی آلِهٖ
وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا مِثْلَ ذٰلِكَ.

اللہ کے ایک نیک بندے اپنے شب و روز نبی اکرم ﷺ پر دُرود پاک پڑھنے میں گزارتے تھے ایک مرتبہ آپ کو نبی پاک ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا آپ ﷺ نے اس شخصیت سے فرمایا کہ میں تمہیں ایسے کلمات بتا دیتا ہوں جو تم کو تمہارے طویل وظیفہ سے مستغنی کر دیں گے لیکن اجر و ثواب اتنا ہی ہوگا۔ پھر آپ ﷺ نے ان کو مذکورہ دُرود شریف عطا فرمایا۔

دُرود شریف نمبر 14

اَللّٰهُمَّ یَا رَبِّ بِجَاهِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ﷺ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ فِی الدُّنْیَا قَبْلَ الْاٰخِرَةِ.

کتاب الابریز میں ہے کہ سیدی عبدالعزیز الدباغ" کو سیدنا خضرؑ نے ایک ورد عطا فرمایا اور حکم دیا کہ اسکو ہر روز سات ہزار مرتبہ پڑھا جائے آپؒ نے اس ورد (مذکورہ بالا دُرود شریف) پر مداومت اختیار کی اور نبی اکرم ﷺ کی زیارت مبارکہ سے سرفراز ہوتے رہے۔

دُرود شریف نمبر 15

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَهٗ فِی الدُّنْیَا قَبْلَ الْاٰخِرَةِ فِیْ خَیْرٍ وَلُطْفٍ وَعَافِیَةٍ.

مذکورہ بالا دُرود پاک زیارت نبی ﷺ کیلئے ایک مجرب دُرود پاک ہے حضرت شیخ حسن شداد کو مدینہ منورہ میں سید شہاب الدین علی المشہور سے حاصل ہوا۔

دُرود شریف نمبر 16

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ الرَّحْمٰنِ وَسَيِّدِ الْاَكْوَانِ وَالْحَاضِرِ مَعَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ فِيْ كُلِّ زَمَانٍ وَمَكَانٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ۔

یہ دُرود پاک بھی نبی اکرم ﷺ کی زیارت مبارکہ کیلئے ہے حضرت شیخ حسن شداد کو مدینہ منورہ میں سید احمد مشہور الحداد سے حاصل ہوا۔

دُرود شریف نمبر 17

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْ نُوْرَهٗ مُحِيْطًا بِذَاتِيْ، وَحَارِسِيْ مِنْ جَمِيْعِ جِهَاتِيْ، وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ۔

دُرود شریف نمبر 18

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْهُ الدَّلِيْلَ قُدَّامِيْ حَتّٰى اَجِدَهٗ اَيْنَمَا تَوَجَّهْتُ اَمَامِيْ وَاَغْمُرْ بِنُوْرِكَ وَنُوْرِهٖ جَمِيْعَ جِهَاتِيْ فِيْ جَمِيْعِ حَرَكَاتِيْ وَسَكَنَاتِيْ۔

مذکورہ بالا دونوں دُرود پاک کتاب "**لب الالباب**" جو کہ سید محمد المختار الناصریؒ کی ہے اس میں درج ہیں۔

دُرود شریف نمبر 19

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ، عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَاءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ.

مذکورہ بالا دُرود پاک ڈاکٹر عبدالحلیم محمودؒ کی کتاب "فاذکرونی اذکرکم" صفحہ نمبر 127 پر درج ہے۔ اور زیارت نبوی ﷺ کیلئے ہے۔

دُرود شریف نمبر 20

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا وَكُنْ بِنَا وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُوْفًا رَحِيْمًا۔

ڈاکٹر عبدالحلیم محمودؒ فرماتے ہیں کہ یہ دُرود پاک کا یہ صیغہ انہیں شیخ محمد عبدالغنی سے عطا ہوا ہے اور انکو یہ دُرود پاک آپ ﷺ سے عطا ہوا ہے۔

دُرود شریف نمبر 21

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْبَابِ الْمَفْتُوحِ لِلطَّالِبِيْنَ وَالْفَضْلِ الْمَمْنُوحِ لِلْوَاصِلِيْنَ ، وَاجْمَعْنَا بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

یہ دُرود پاک حضرت شیخ حسن شداد کا ہے اور آپ کا فرمان ہے کہ اس دُرود پاک کو وظیفہ جان بنالیں اور پھر اس کے فیوض و برکات کا مشاہدہ کریں۔

دُرود شریف نمبر 22

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْجَمَالِ وَالْكَمَالِ وَاَرِنِيْ وَجْهَهُ الصَّبِيْحَ فِي الْحَالِ۔

حضرت شیخ حسن شداد فرماتے ہیں کہ ربیع الاول 1409 ہجری شب سوموار اللہ تبارک وتعالیٰ نے مذکورہ کلمات برائے زیارت نبی ﷺ القاء فرمائے۔

دُرود شریف نمبر 23

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُفْتَحُ لَنَا بَابُهُ ، وَتُسْمِعُنَا لَذِيْذَ خِطَابِهٖ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلِّمْ۔

مذکورہ بالا دُرود پاک شیخ احمد الطیب البشیر کا ہے اور زیارت نبوی ﷺ کے لئے اسے 313 مرتبہ پڑھا جائے۔

دُرود شریف نمبر 24

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ۔

مشہور ولی اللہ حضرت ابو العباس المرسیؒ فرماتے ہیں جو شخص اس دُرود پاک کو صبح و شام پانچ سو مرتبہ پڑھنے پر پابندی اختیار کرلے وہ اس وقت تک فوت نہ ہوگا جب تک وہ حالت بیداری میں آپ ﷺ کی زیارت نہ کرلے۔

دُرود شریف نمبر 25

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النُّوْرِ وَاٰلِہٖ

یہ دُرود پاک "دُرود نوریہ" کہلاتا ہے۔ حضرت شیخ احمد الطیبؒ فرماتے ہیں کہ انہوں نے عبادت کی غرض سے تین دن کیلئے خلوت اختیار کی اس دوران انہیں سیدنا حضرت جبرائیلؑ کی زیارت نصیب ہوئی اور دیکھا کہ ان کے ہاتھ میں مذکورہ بالا دُرود شریف ہے جو سفید نور کی روشنائی سے لکھا ہوا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ جو کوئی بھی خلوت میں ہو تو دن اور رات میں 12 ہزار مرتبہ یہ دُرود شریف پڑھے تو اس پر وہ اسرار و رموز کھلیں گے جسکا وہ تصور بھی نہیں کر سکتا۔

سلام اے آمنہ کے لال ﷺ اے محبوب سبحانی ﷺ
سلام اے فخر موجودات ﷺ فخر نوع انسانی

از خدا جو ییم توفیق ادب
بے ادب محروم شد از لطف

کتاب مستطاب: خزانہ دُرود و سلام علیہ وسلم صلی اللہ

ترتیب:
الشیخ السید محمد یوسف الحسنی السمہودی (مدینہ منورہ)
از اولاد حضرت علامہ نور الدین السمہودیؒ (م-911ھ)
سال وصال بہ الفاظ "جلوہ گاہ دوام معرفت = 911"

ترجمہ و تلخیص: افتخار احمد حافظ قادری

تاریخ ترجمہ کتاب

رمضان المبارک 1421ھ
"جلوہ محمدی ﷺ ، تعریر و تو قیر"
1421ھ

2000ء
"زیب برم محمد ﷺ ، یا ایھا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیماً"
1840 + 160 = 2000

تاریخ طباعت کتاب

"شوال المکرم 1421ھ"
بالا شان ، با زیب خزانہ دُرود و سلام"
1421ھ

جنوری 2001ء
حادر حلال عبدہ یا ایھا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیماً"
2001

تا قبولِ بارگاہ حق کبھی ہوتا نہیں
غور کے قابل ہے یہ تخصیص و تفریدِ **دُرود**

خود خدا بھی اور کرتے ہیں فرشتے بھی یہ کام
اہلِ ایماں کو بھی ہے تلقین و تاکیدِ **دُرود**

بڑھ رہی ہے دن بدن توقیر و تقدیسِ **سلام**
اوج پر ہر روز ہے تجلیل و تمجیدِ **دُرود**

اس کی برکت سے عطا ہوتی ہے ہر غم سے نجات
مشکلیں آسان ہوتی ہیں بہ تائیدِ **دُرود**

دائی لطفِ خدا و مصطفیٰ ﷺ پائیگا وہ
بھا گیا جس دیدہ ور کو حُسنِ جاویدِ **دُرود**

مژدۂ بخشش ہے **حافظ افتخار احمد** تجھے
خوب و دل آویز کی ہے تونے **تسویدِ دُرود**

اُس کی تاریخ طباعت ہے زروئے "**النبی**"
نُورِ چشمِ عاشقاں "**تنویر خورشید دُرود**"
۲۰۰۱=۲۰۰۰+۱

جو کیا افتخار احمد نے
کام بے شک ہے قابلِ تعریف
سنِ طباعت اُس کا ہے **طـــــــارق**
"آن شاہ کرم، دُرود شریف"
۱ ۲ ۴ ۱ ھ

ذکرِ محبوب حق سے ہے معمور
محفلِ آب و خاک و آتش و باد

بالیقین افضل الوظائف ہے
ہے یہی ورد سید الاوراد

یہ عمل جس نے اختیار کیا
دین و دنیا میں پائے گا وہ مفاد

اُس کی تکمیل آرزو ہو گی
بخشی جائیگی اس کو دل کی مراد

مرتبہ ہو گا اس کا اور بلند
اس کا اوج و کمال ہو گا زیاد

اُس کے خیر الانام ﷺ ہونگے کفیل
مہرباں اس پہ ہو گا رب عباد

یوسف حسنی و مدنی سمہودی   لطفِ رحمان ہمیشہ بروئے باد
مردِ حق ، نور دین سمہودی   اس بزرگ جہاں کی ہیں اولاد
کی مرتبہ کتاب والا شان   ہے محبت فروز جس کا مواد
با کمال افتخار احمد ہے   اسعد الفطرت و خجستہ نہاد
ذکرِ احمدؐ سے کر رہا ہے وہ   شاد و مسرور ہر دلِ ناشاد
اس کو اردو میں ڈھالا حافظ نے   ترجمہ اس کا ہے قوی بنیاد
اس کو بخشا گیا ہے قلبِ سلیم   اس کو حق سے ملا ہے ذہن وقاد
طالبِ فیض و شفقت سرور   قلب ہے جس کا معرفت آباد
جو کیا کارِ خوب حافظ نے   اس میں شامل ہے اس کی بھی امداد
اُس کا موضوع ہے **دُرود و سلام**   ہر ورق اس کا جلوہ گاہ رشاد
اہتمام **دُرود** و شوق **سلام**   راحت جان ہے نشاط فؤاد
اس کے شایان شان کیا لکھتا   میری معمولی سی ہے استعداد
اُس کا طارق سنِ طباعت ہے   مخزنِ رحمتِ نبی جواد

۱۴۲۱ھ

ھدیۂ اخلاص و عجز و نیاز
منجانب: ''خادم خدام مدینۂ حبیب'' ﷺ (۱۴۳۱ھ)
محمد عبدالقیوم طارق سلطانپوری   (حسن ابدال)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دُرودِ تاج

نبی اکرم ﷺ پر دُرود پاک پڑھنا تمام عبادات سے افضل و اعلیٰ ہے۔ کیونکہ یہ ہی وہ عمل ہے کہ جس میں اللہ تبارک و تعالیٰ اور آپ کے فرشتے شریک ہیں۔ ہر صیغۂ دُرود پاک کے بے شمار فضائل ہیں۔ اسی طرح **دُرود تاج** بے پناہ فیوض و برکات کا مجموعہ ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی زیارت مبارکہ اور کسی بھی نیک مقصد کیلئے اسے بے شمار مرتبہ پڑھا جائے تو کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوں گے۔ کم از کم ایک مرتبہ اسے روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ تو پھر اس کے فیوض و برکات آپ خود دیکھ لیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
صَاحِبِ التَّاجِ وَ الْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ
وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ
وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ اِسْمُہٗ

مکتوب مرفوع مشفوع منقوش
فی اللوح والقلم سید العرب والعجم
جسمہ مقدس معطر مطهر
منور فی البیت والحرم شمس
الضحی بدر الدجی صدر العلی
نور الهدی کهف الوری مصباح
الظلم جمیل الشیم شفیع
الامم صاحب الجود والکرم
والله عاصمه وجبریل خادمه
والبراق مرکبه والمعراج سفره
وسدرة المنتهی مقامه و

قاب قوسین مطلوبه والمطلوب
مقصوده والمقصود موجوده
سید المرسلین خاتم النبیین
شفیع المذنبین انیس الغریبین
رحمة للعالمین راحة العاشقین
مراد المشتاقین شمس العارفین
سراج السالکین مصباح المقربین
محب الفقراء والغرباء والمساکین
سید الثقلین نبی الحرمین
امام القبلتین وسیلتنا فی
الدارین صاحب قاب قوسین

مَحْبُوبِ رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلٰنَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِي الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ نُورٍ مِّنْ نُورِ اللهِ يَاۤ اَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اللهم صل وسلم على سيدنا محمد النبى الامى وآله

يا سيدى يا رسول الله ﷺ خذ بيدى
مالي سواك ولا الوي على احد

التماس دعا
برائے [illegible]

ثوابِ دارین

قارئین کرام، اس مختصر سی کتاب کو پڑھنے کے بعد آپ کو دُرود و سلام کی فضیلت اور اس کی اہمیت کا اندازہ ہو گیا ہو گا۔ لہٰذا آپ بھی اس وظیفہ خداوندی پر زیادہ سے زیادہ عمل کی کوشش کریں، اپنے اہل خانہ اور احباب میں بھی اس کی تلقین کے علاوہ اس کتاب کو اسی ترتیب سے شائع کروا کر اس عظیم پیغام کو پھیلانے میں آپ بھی شامل ہو کر ثوابِ دارین حاصل کریں، کتاب مذکورہ کو شائع کرنے کی اس بندۂ ناچیز کی طرف سے اجازت عام ہے اگر بغیر ہدیہ تقسیم کی جائے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سب کو دُرود و سلام کی برکتوں اور فیوضات سے مالا مال فرمائے۔ آمین بحق سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

سرکارِ مدینہ ﷺ کا ادنیٰ ترین امتی

گل بادشاہ خان (مکہ مکرمہ) سید افضل ذیشان (مدینہ منورہ)

١- استغفر الله - ١٠٠مرة ٢ - لااله إلا الله - ١٠٠مرة

٣ - الله ١٠٠مرة ٤- يالطيف- ١٠٠مرة

٥. اللهم صل وسلم على سيدنا محمد النبي الأمي وآله - عدد١٠٠مرة + ١٠٠٠مرة

٦. (لقد جاءكم رسول من أنفسكم عزيز عليه ماعنتم حريص عليكم بالمؤمنين رؤوف رحيم ، فإن تولو فقل حسبي الله لا اله الا هو علية توكلت وهو رب العرش العظيم) .

آخر سورة التوبة عدد٥٠مرة

٧. يقرأ كتاب دلائل الخيرات ٨. قراءة سورة يس ١ مرة

٩. قراءة سورة الواقعة ١ مرة ١٠.قراءة سورة الملك ١مرة

قرآءة سورة الفاتحة لسيدي عبدالقادر الجيلاني

التوجيهات :-

١. عمل مجلس للصلاة على النبي المصطفى صلى الله عليه وسلم / ليلة الجمعة أو يوم الجمعة.
يقرأ فيه كتاب دلائل الخيرات /
يقرأ فيه صلوات النسب الشريف (أقل عدد ١٠٠ فأكثر) تقسم على الأشخاص الموجودين في المجلس
يقرأ فيه أيضاً بردة المديح للإمام البوصيري .
يقرأ فيه ختم القرآن الكريم مرة في الشهر .

٢. يُعلق في المجلس صور الآثار النبوية والمواجهة الشريفة والكعبة المشرفة والآيات القرآنية .

٣. العمل على الدعوة لنشر الصلاة على النبي المصطفى صلى الله عليه وسلم / لكل محب للحبيب / والترغيب في ذلك بالصيغة رقم (٥).

٤. الاشتغال دائماً أبداً بكثرة الصلاة على النبي المصطفى صلى الله عليه وسلم

٥. توجيه العائلة والأولاد والأقارب لكثرة الصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم.

مع تمنياتنا لكم بالتوفيق والقبول والفتح والرضا التام بجاه سيد الأنام،
آمين

مريد خادم السيد شيخ محمد يوسف السهروردي الحسيني المدني السيد تيسير محمد يوسف المحمدي الحسيني

امضاء أحمد حافظ قادري
راولبندي - الباكستان

شهر رجب ٢٧/٧/١٤٢١هـ
٢٠٠٠م

No.F.5-6/2013-DBNB
GOVERNMENT OF PAKISTAN
NATIONAL HISTORY & LITERARY HERITAGE DIVISION
NATIONAL LIBRARY OF PAKISTAN

Islamabad 03, April, 2019

Subject:- **ACKNOWLEDGE RECEIPT.**

Dear Sir,

I acknowledge with thanks the receipt of the following books/brochures delivered to National Library of Pakistan under Copyright Law:

تعداد کتب	سال اشاعت	نام مصنف	نام کتاب	نمبر شمار
01	1999	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات مقدسہ (تحریر و تصاویر)	-1
01	2000	افتخار احمد حافظ قادری	سفر نامہ ایران و افغانستان (تحریر و تصاویر)	-2
02	2000	افتخار احمد حافظ قادری	زیارتِ حبیب ﷺ	-3
01	2001	افتخار احمد حافظ قادری	ارشاداتِ مرشد	-4
02	2001	افتخار احمد حافظ قادری	خزانۂ دُرود و سلام	-5
01	2001	افتخار احمد حافظ قادری	دیارِ حبیب ﷺ (تحریر و تصاویر)	-6
02	2001	افتخار احمد حافظ قادری	گلدستۂ قصائدِ مبارکہ	-7
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	قصائدِ غوثیہ	-8
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	سرزمینِ انبیاء و اولیاء (تصویری البم)	-9
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات اولیائے پاکستان (تصویری البم)	-10
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	بارگاہِ غوث الثقلین رضی اللہ عنہ	-11
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	سرکارِ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ	-12
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	مقاماتِ مبارکہ آل و اصحابِ رسول ﷺ	-13
01	2003	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات شام (تصویری البم)	-14
01	2003	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات شہرِ رسول ﷺ (تصویری البم)	-15
01	2003	افتخار احمد حافظ قادری	اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف	-16
02	2005	افتخار احمد حافظ قادری	فضیلتِ اہل بیتِ نبوی ﷺ	-17
01	2006	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات مصر (تحریر و تصاویر)	-18
01	2006	افتخار احمد حافظ قادری	بارگاہ پیر رومی میں (تحریر و تصاویر)	-19

-20	سفرنامہ زیارات مراکش (تحریروتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
-21	زیارات مدینہ منورہ (تحریروتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
-22	زیارات ترکی (تحریروتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
-23	زیارات اولیائے کشمیر (تحریروتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2009	01
-24	گلدستہ دُرودوسلام	افتخار احمد حافظ قادری	2009	01
-25	تکمیل الحسنات	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-26	انوارالحق	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-27	خزینۂ دُرودوسلام	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-28	فرموداتِ حضرت داتا گنج بخش ؓ	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-29	التفکر والاعتبار	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-30	70 صیغہ ہائے دُرودوسلام	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-31	ورفعنا لک ذکرک (92 صیغہ ہائے دُرودوسلام)	افتخار احمد حافظ قادری	2011	01
-32	زیارات ایران (تحریروتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2012	01
-33	سفرنامہ زیارت ترکی (تحریروتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-34	کتابچہ حضرت دادابرلاس ؒ	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-35	ہدیۂ دُرودوسلام	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-36	سفرنامہ زیارات عراق واُردن (تحریروتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-37	دُرودوسلام کا نادرو انمول انسائیکلوپیڈیا (جلداول وجلددوم)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-38	سدرۃ شریف تا مدینہ منورہ (تحریروتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2014	01
-39	شانِ بتول ؓ بزبانِ رسول ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2014	01
-40	الصلوات الالفیۃ/صلوات النبویۃ	افتخار احمد حافظ قادری	2015	01
-41	شانِ علی ؓ بزبانِ نبی ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-42	عظائم الصلوات والتسلیمات	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-43	شانِ خلفائے راشدین ؓ بزبانِ سید المرسلین ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-44	سیدنا حمزہ بن عبدالمطلب ؓ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-45	الصلوات الالفیۃ بأسماء خیر البریۃ	افتخار احمد حافظ قادری	2017	01
-46	سفرنامہ زیاراتِ ازبکستان	افتخار احمد حافظ قادری	2017	01

01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	شاہِ حبشہ حضرت اصحمۃ النجاشی رضی اللہ عنہ	-47
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	سفر نامہ زیارتِ ترکی	-48
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	صلاۃ وسلام برائے زیارت خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم	-49
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	سفر نامہ زیارت شام	-50
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	سیدنا ابو طالب رضی اللہ عنہ	-51
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	الفیة الصلوات علی فخر الموجودات	-52
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	مناقب والدین مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم	-53
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	حیات انور	-54
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	شہزادیٔ کونین علیہا السلام	-55
01	2019	افتخار احمد حافظ قادری	مومنین کی مائیں	-56

2. These valuable books have been added in the National Library Collection. The readers of the Library will get Knowledge and information from these books. I hope that National Library of Pakistan will receive all forthcoming publications in future.

With regards,

Yours sincerely

3/4/2019

(Muhammad Riaz)
Assistant Director/Delivery of Books &
Newspapers Branch

Iftakhar Ahmad Hafiz Qadri,
House 999/A-6, Street No.9,
Afshan Colony,
Rawalpindi Cantt.
Cell: 0344-5009536

مختصر تعارف

افتخار احمد حافظ قادری شاذلی، راولپنڈی

ملازمت

- پاکستان میں موجود غیر ملکی سفارت خانوں (شام، لبنان، قطر، سعودی ملٹری اتاشی) میں تقریباً 20 سال بطور معاون عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔
- سعودی عرب (وزارت دفاع، ابواب الروضۃ، تموک العربیۃ السعودیۃ) میں تقریباً 10 سال بطور معاون عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔

فوجی اعزازات (ایوارڈز)

- سعودی وزارت دفاع، ریاض میں بطور سعودی یونیفارم پرسن خدمات سرانجام دیں اور دوران ملازمت حکومت سعودیہ کی طرف سے 2 فوجی ایوارڈز سے نوازا گیا۔

لسانیات

- پاکستان میں سعودی عرب کے ثقافتی مرکز "مرکز تعلیم اللغۃ العربیۃ" سے عربی زبان کا دو سالہ کورس مکمل کیا۔
- سفارت خانہ ایران کے زیر انتظام ثقافتی مرکز خانہ فرہنگ ایران سے فارسی زبان کا ایک سالہ ایڈوانس کورس مکمل کیا۔

زیارت مقدسہ کے اسفار

- وطن عزیز میں موجود زیارت مقدسہ کے علاوہ 11 بلاد اسلامیہ (حجاز مقدس / شام / مصر / مراکش / ایران / عراق / اردن / لبنان / افغانستان / ترکی) میں کئی کئی بار زیارت مقدسہ پر حاضری کے لئے طویل ترین سفر طے کئے اور ان سفروں کے نتیجے میں کئی سفرنامے منظر عام پر آئے۔

تحریری کاوشیں

- الحمد للہ! اب تک 60 کے قریب کتب شائع ہو چکی ہیں جن میں بلادِ اسلامیہ میں زیارتِ مقدسہ کے سفرنامے، شخصیات (خاتونِ جنت سیدہ فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا، سیدنا علی کرم اللہ وجہہ، سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ، خلفائے اربعہ، شام، حبشہ) اور درود و سلام کی کتب سرِفہرست ہیں۔

مضامین و مقالات

- روزنامہ نوائے وقت، الاخبار، اوصاف، دی نیشن، مجلہ ضیائے حرم، فیضانِ مدینہ، پیغامِ آشنا، نور الحبیب، کاروانِ قمر، طلوعِ مہر اور آئینہ کرم کے علاوہ دیگر کئی رسائل و جرائد میں 100 سے زائد مضامین و مقالات شائع ہو چکے ہیں۔

عالمی کانفرنسز میں شرکت

- سال 1983 اور سال 1984 میں وزارتِ سائنس و ٹیکنالوجی کی طرف سے OIC کے زیرِ انتظام دو بین الاقوامی کانفرنسز میں بطور معاون عربی زبان شرکت کی۔
- اکتوبر 2007 میں سرزمینِ ایران میں حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ پر منعقدہ عالمی رومی کانفرنس میں راولپنڈی ڈویژن کی طرف سے شرکت اور مقالہ پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مارچ 2008 میں یونیورسٹی آف سرگودھا میں انٹرنیشنل رومی کانفرنس میں شرکت اور مقالہ پڑھنے کا شرف حاصل ہوا۔

روحانی سعادتیں اور اعزازات کا حصول

- ستمبر 1996 میں 2 بار بیت اللہ شریف کے اندر حاضری کی سعادتِ عظمیٰ نصیب ہوئی۔
- مرکزی مسجد حضور سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ میں 16 اکتوبر 2001، نمازِ فجر کی اذان دینے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مفتیٔ اعظم عراق حضرت الشیخ السید عبد الکریم بیارہ رحمۃ اللہ علیہ کی 2 بار زیارت کا شرف حاصل ہوا، یہ وہ خوش نصیب شخصیت تھیں جنہیں سال 1932ء میں 2 صحابہ کرام کے مزاراتِ مبارکہ کی منتقلی کے موقع پر ان کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تھا۔

25/09/2019

التماسِ دُعا
معزز قارئین کرام سے درخواست ہے
کہ حضور پُرنور خاتم الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
اُمتِ مرحومہ کی بخشش و مغفرت اور بلندی
درجات کیلئے دُعا فرمائیں اور بالخصوص
مصنف کتاب ہذا اور اُس کے مرحوم والدین
کریمین کے لئے بھی دُعاؤں کی درخواست
ہے۔شکریہ
افتخار احمد حافظ قادری

مزارِ مبارک حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ

ایک بلند اور طویل چبوترے پر یہ مقام حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ کا مزارِ مبارک ہے جو ترکی کے ایک خوبصورت شہر "قونیہ شریف" میں واقع ہے۔ تصویر میں آپؒ کے پائینتی آپؒ کے والدِ محترم کی قبرِ مبارک اور ساتھ فانوسوں کے نیچے تین اور قبورِ مبارکہ کے بھی کچھ حصے نظر آرہے ہیں، اس کے علاوہ مولانا رومؒ کے خلفا اور عزیز و اقارب کی قبور بھی اسی چبوترہ پر ہیں۔ الحمدللہ اس بندۂ ناچیز کو نومبر 1995ء میں اس عظیم مقام پر حاضری کا شرف اور مثنوی شریف پڑھنے کی سعادت حاصل ہو چکی ہے۔ بغیر تحقیق کے آج کل تصویرِ مذکورہ کو نبی پاک ﷺ کی قبرِ مبارک سے منسوب کیا جارہا ہے جو کسی طرح ایک گناہ سے کم نہیں۔ حالانکہ ایک طویل عرصہ سے کسی ظاہری آنکھ کی بھی اس مقام تک رسائی نہیں ہوئی تو اب اتنی جدید تصویر کا حصول کس طرح ممکن ہوا اور پھر سرکار ﷺ کے حجرہ مبارکہ میں صرف تین قبور ہیں جبکہ تصویرِ مذکورہ میں تین سے زائد قبور تو سامنے نظر آرہی ہیں۔

لہٰذا براے مہربانی اس کی تصحیح کر لیں اور خدارا باقی لوگوں تک بھی یہ اہم پیغام ضرور پہنچائیں۔ یہ آپ کی بھی ذمہ داری ہے۔

[illegible]